محمد رمضان یوسف سلفی

تبصرہ کتب

نام کتاب: فلسفہ قربانی ومسائل عید الاضحیٰ

مصنف: مولانا عبدالعزیز راشد صاحب

صفحات: 48

قیمت: 30روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: ادارہ منہاج السنۃ المحمدیہ 535/3 نثار کالونی فیصل آباد۔

مولانا عبدالعزیز راشد صاحب جماعت اہل حدیث کے معروف خطیب اور واعظ ہیں۔ ان کا شمار مرکزی جمعیت اہل حدیث کے اکابر علماء میں ہوتا ہے اور آپ اس وقت مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب کے نائب امیر ہیں۔ مولانا راشد صاحب اپنے دلپذیر خطاب اور وعظ کی اثر آفرینی کے باعث شہری اور دیہی علاقوں میں یکساں اور بے پناہ مقبولیت رکھتے ہیں۔ تقریر کے ساتھ ساتھ تحریر و نگارش کا ذوق بھی عمدہ ہے۔

پیشِ نگاہ رسالہ ''فلسفہ قربانی'' ان کی معروف تصنیف ہے۔ اس میں مولانا محترم نے فلسفہ قربانی کے ضمن میں اختصار کے ساتھ واقعہ ابراہیم علیہ السلام کو بیان کیا ہے اور تفصیل کے ساتھ عید الاضحیٰ کے مسائل و احکام تحریر کیے ہیں۔ یہ کتاب پہلے بھی کئی بار شائع ہو چکی ہے۔ اب اسے کمپیوٹرائزڈ کمپوزنگ کے ساتھ پہلی بار شائع کیا گیا ہے۔ کتاب میں شامل احادیث کی مکمل تخریج کر دی گئی ہے اور قرآنی آیات کے نمبر وغیرہ دے دیئے گئے ہیں۔ قارئین اس کتاب کے مطالعہ سے قربانی اور اس کے متعلقہ مسائل کو اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں۔